# 9144 ـ نس بندی ( منصوبہ بندی ) کے ذریعہ منع حمل کا حکم

**سوال**

میں عنقریب چوتھے بچے کی ماں بننے والی ہوں اوریہ ولادت میری خرابی صحت کی بنا پر آپریشن سے ہوگی ، اس سے قبل بھی تینوں بچے بڑے آپریشن سے ہوئے ہیں ، اب میری صحت کوخطرہ ہے اورڈاکٹروں نے بھی یہی مشورہ دیا ہے کہ اب آپ نس بندی کا اپریشن کروادیں اورآئندہ بچے پیدا نہ کریں ، اگرشرعی طور پر ایسا کرنا جائز ہو تومیرے خاوند کوبھی اس پر کوئي اعتراض نہیں اورنہ ہی مجھے ، توکیا ایسا کرنا جائز ہے ؟
مجھے آپ کی نصیحت درکار ہے ـ

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

فضیلة الشیخ علامہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالی سے تقریبا اس سے ملتا جلتا سوال کیا گیا توان کا جواب تھا :

اس آپریشن میں کوئي حرج نہیں ، جب ڈاکٹر یہ فیصلہ کریں کہ اب اس کا مزید اولاد پیدا کرنا صحت کے لیے نقصان دہ ہے ، اورخاوند اس کی اجازت دے تواس میں کوئي حرج والی بات نہیں ـ .